2023年4月20日ジャング紙ラホール版10面

31 فیصد پاکستانیوں کا اسمارٹ فون کے بغیر گزارہ مشکل

20 اپریل، 2023

کراچی (نیوز ڈیسک) گیلپ پاکستان کے حالیہ سروے میں 31 فیصد پاکستانیوں نے اسمارٹ فون کے بغیر ایک دن بھی گزارنا مشکل قرار دیا ہے، گیلپ پاکستان کے اس سوال پر کہ آپ اسمارٹ فون کے بغیر کتنے دن گزارا کرسکتے ہیں ؟ 42 فیصد پاکستانیوں نے اسمارٹ فون کے بغیر ایک ماہ رہنے کا کہا، البتہ 31 فیصد نے اعتراف کیا کہ اسمارٹ فون کے بغیر ان کے لیے ایک دن بھی گزارنا مشکل ہے، 9 فیصد نے زیادہ سے زیادہ ایک دن، 7 فیصد نے ایک دن سے زیادہ لیکن ہفتے سے کم جبکہ 7 فیصد نے ایک ہفتہ بغیر اسمارٹ فون کے رہنے کا کہا، جن افراد نے اسمارٹ فون کے بغیر ایک دن بھی نہ رہنے کا کہا ان کی سب سے زیادہ شرح 30 سال سے 50 سال کی عمرکے درمیان نظر آئی، جو 33 فیصد ہے، 50 سال سے زائد عمر کے 31 فیصد، اور 30 سال سے کم عمر نوجوانوں میں یہ شرح 29 فیصد دکھائی دی ۔